خبر منظر

حیدرآباد میں نئے امریکی قونصل خانہ جنرل سے جاری پہلا ویزا مارچ ۴ کو صلاح الدین خان کے خاندان کو دیا گیا۔ اس ویزا سے خان اور ان کے اہل خانہ کو تجارت یا سیر و تفریح کیلئے امریکہ جانے کی اجازت ملی ہے۔ ان لوگوں نے بتایا کہ وہ نیویارک، اٹلانٹک سٹی، نیوجرسی اور لاس ویگاس، نیواڈا کا سفر کرنے کو بے تاب ہیں۔ یہ ان لوگوں کے لئے ایک بڑا سنگ میل ہے جو کئی برسوں سے ریاست آندھرا پردیش کی راجدھانی میں ایک امریکی سفارتی سہولت کے قیام کیلئے کوشاں تھے۔ اس تاریخی تقریب میں خان فیملی کو مبارک باد دینے اور اپنی نیک خواہشات کا اظہار کرنے والوں میں قونصل جنرل کونٹیس ایم کیور بھی شامل تھے۔ اس وقت یہ قونصل خانہ جنرل پیگاہ پیلیس سے کام کر رہا ہے۔ جب تک اس کی مستقل عمارت نہ تعمیر ہو جائے تب تک اس کا دفتر اسی محل کے عارضی کوارٹروں میں چلتا رہے گا۔ اگرچہ پیگاہ پیلیس میں اس قونصل خانہ کے کھلنے کی باضابطہ تقریب گذشتہ سال اکتوبر میں منعقد ہو چکی ہے لیکن عوام کیلئے اسے تیار کرنے سے پہلے اس کی مرمت اور تزئین اور سیکورٹی چیک کے کام مکمل کرنے تھے۔ http://hyderabad.usconsulate.gov/



آشیش کمار جو نیویارک کی ہوفسٹرا یونیورسٹی میں پروفیسر، ویڈیو اور ڈاکومینٹری پروڈکشن کے استاد ہیں اپنی مہارت اور تجربے کو حیدرآباد یونیورسٹی کے کے. دنیش، وشال دیوان اور ارون جان کے ساتھ شیئر کرتے ہوئے۔ کمار (دائیں سے دوسرے) اگست ۲۰۰۸ سے لے کر جنوری ۲۰۰۹ تک یونیورسٹی میں فل برائٹ لیکچرر تھے۔ ایم اے کورس میں ان کے طلبہ نے ثقافتی ورثہ کے تحفظ کے لیے کام کرنے والی ایک مقامی غیر سرکاری تنظیم (این جی او) کے لیے گیارہ منٹ کا ایک تعلیمی ویڈیو تیار کیا۔

http://www.usief.org.in/index.aspx

چھپل ہل، نارتھ کیرولینا کے ۲۱ سالہ ہندنژاد امریکی انوپ دیسائی امریکہ کے نمبر ایک ٹیلی ویژن شو امریکن آئیڈل مقابلے کے آخری دس شرکاء میں سے ایک تھے۔ طرح دار پیش کش اور سریلی گائیکی والے دیسائی ہندوستان میں گجرات سے نقل مکانی کرنے والے والدین کے بیٹے ہیں، انہوں نے اس موسم گرما کے دوران امریکہ بھر میں ہونے والے آئیڈل ٹور میں اپنے لیے جگہ بنائی ہے۔

http://www.americanidol.com/

امریکی فلم ساز میگن میلن کو فروری میں بہترین مختصر دستاویزی فلم اسمائل پنکی کے لیے اکادمی ایوارڈ دیا گیا۔ یہ فلم اتر پردیش میں پیدا ہونے والی تقریباً پانچ برس کی ایک ہونٹ کٹی بچی کے بارے میں ہے۔ فلم میں اس حقیقت کو مرکز توجہ بنایا گیا ہے کہ اس بیماری سے متاثر چالیس لاکھ سے بھی زیادہ بچوں کا علاج صرف ۴۵ منٹ کی سرجری کے ذریعہ کیا جا سکتا ہے۔ اور اس کا کل صرفہ (خرچ) ۲۵۰ امریکی ڈالر ہے جو ایک امریکی خیراتی تنظیم 'اسمائل ٹرین' فراہم کرتی ہے۔ یہ تنظیم مقامی سرجن جیسے ڈاکٹر سبودھ کمار سنگھ (بائیں) کے توسط سے کام کرتی ہے۔ ڈاکٹر سنگھ نے رام پور دھوایا کی پنکی کماری سونکر کا بنارس کے ڈی ایس میموریل اسپتال میں آپریشن کیا اور اس کے والد راجندر سونکر اور میلن کے ساتھ آسکر تقریب کے دوران لاس اینجلس میں موجود تھے۔ کسی بھی مشہور آدمی کی مسکراہٹ پنکی کی مسکراہٹ سے زیادہ خوبصورت نہیں تھی۔

http://www.smiletrain.org/site/PageServer

بنگلور کی ہونی ویل ٹکنالوجی سولوشن میں سافٹ ویر انجینئر ۲۳ سالہ وجے تھنگا راج، امریکی وزارت خارجہ کے آن لائن مقابلہ میں چار کامیاب ہونے والوں میں سے ایک ہیں۔ اس مقابلہ میں ۸۴۰۰ لوگوں نے شرکت کی تھی۔ ان کے تین منٹ کے ویڈیو 'میرا کلچر + آپ کا کلچر = حیرت کی دنیا' پر انہیں امریکا کی دو ہفتے کی سیر اور اڈوب ملٹی میڈیا سافٹ ویر انعام میں ملا۔ یہ ویڈیو exchanges.state.gov یا connect.state.gov پر دیکھا جا سکتا ہے۔